سوال

(172)غلہ پر زکوۃ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں نے بعض مزارعین سے کچھ غلہ لے کر جمع کر لیا تاکہ حال اور مستقبل میں وہ بچوں کی خوراک کے طور پر استعمال کیا جا سکے، تو کیا اس غلہ پر زکوۃ ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ دانے اور اس طرح کی دیگر چیزیں جنہیں انسان اپنی ضروریات کے لیے جمع کرتا ہے ان میں زکوۃ نہیں ہے۔ زکوۃ تو اس مال میں ہے جو تجارت کے لیے ہو یا سونے چاندی اور اس چیز میں زکوۃ ہے جو ان کے قائم مقام ہو مثلا کرنسی نوٹ وغیرہ۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل وکرم اور لطف واحسان کے ساتھ کھانے پینے اور ضروریات کی دیگر اشیاء سے زکوۃ کو معاف کر دیا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

کتاب الجنائز: ج2 صفحہ138

محدث فتویٰ